# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 08-01-2026 | مشق نمبر1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-02-2026 | مشق نمبر2 | 20-02-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: پاکستانی ادب ـI (427) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1۔ اصناف کے اعتبار سے ادب کی کتنی قسمیں ہو سکتی ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال 2۔ ناول کے بنیادی اجزا بیان کریں، نیز اُردو ناول کے پاکستانی دور میں کن اہم ناولوں کو مقبولیت حاصل ہوئی؟ (20)

سوال 3۔ علامتی افسانے سے کیا مراد ہے؟ نیز اُردو افسانے کے کس دور میں علامتی افسانے کا رواج عام ہوا؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال 4۔ ڈرامے میں پلاٹ کا تصور کیا ہے؟ نیز اُردو ڈرامے پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5۔ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں: (5x4=20)

1۔ قیام پاکستان کے بعد اردو ناول کے موضوعات کیا رہے؟
2۔ ڈرامے میں ''آراستگی'' سے کیا مراد ہے؟
3۔ افسانے اور ناول میں فرق بیان کریں؟
4۔ تحریک پاکستان میں اردو کا کیا کردار رہا؟

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1۔ انشائیہ کسے کہتے ہیں؟ آپ کے خیال میں اُردو میں اہم انشائیہ لکھنے والے کون ہیں؟ (20)

سوال 2۔ قیامِ پاکستان کے بعد اردو غزل کا اہم موضوع کیا رہا؟ (20)

سوال 3۔ اُردو نظم کی اقسام بیان کریں، نیز اردو کے اہم نظم نگاروں پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4۔ پاکستان میں اُردو تنقید کے ابتدائی خدوخال کیا تھے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال 5۔ مختصر جواب دیں: (5x4=20)

1۔ ڈراما 'شکنتلا' کے کسی ایک کردار کا تعارف پیش کریں۔
2۔ بیگم اختر ریاض الدین کے سفرناموں میں غالب رجحان کون سا ہے؟
3۔ معرا نظم اور آزاد نظم میں بنیادی فرق کیا ہے؟
4۔ اسلامی ادب کی تحریک کے نمایاں رجحانات کیا تھے؟